سوال

(03) تقدیر لکھی جانے کے باوجود عمل کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاتہ

تقدیر لکھی گئی ہے اب آدمی کو کیا ضرورت ہے کہ وہ نیک کام کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس قسم کا سوال کرنے والوں سے کہیں تقدیر تو لکھی گئی ہے اب آدمی کو کیا ضرورت ہے کہ وہ بدکام کرے نیز رزق کے متعلق بھی تو تقدیر لکھی گئی ہے اب آدمی کو کیا ضرورت ہے کہ وہ کارخانہ بنائے ، دکان چلائے ، کاشتکاری یا کوئی اور محنت مزدوری کرے اور ملازمت و نوکری کرتا پھرے ؟ یہ سب کاروبار ٹھپ کر کر گھر میں بیٹھ جائے کیونکہ تقدیر تو لکھی گئی ہے اب الخ

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

عقائد کا بیان ج1ص 46

محدث فتویٰ